## سوال

(654)دوسری رکعت سے اٹھنے کی کیفیت کیا ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دوسری رکعت سے اٹھنے کی کیفیت کیا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دوسری رکعت سے اٹھنے کی صورت یہ ہے، کہ دونوں ہاتھوں کو زمین پر ٹیکیں اور مٹھیاں بند رکھ کر اٹھیں۔

ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی روایت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل اسی طرح ذکر ہوا ہے۔ حدیث ہذا حربی کی غریب الحدیث میں ہے۔ علامہ البانی رحمہ اللہ نے اس کی سند کو حسن اور جید قرار دیا ہے۔ نیز ''زاد المعاد'' کے حاشیہ پر معلّقین نے اس کو صالح کہا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:565**

محدث فتویٰ